# پاکستانی اُردو غزل میں صوفیانہ جہتیں

**پریا تابیتا**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اُردو، ایف۔سی کالج یونیورسٹی، لاہور

Abstract

In the Pakistani Urdu Ghazal there has always been a part of Sufism attached to it. Sufism has enlightened the Pakistani Urdu Ghazal with Sufi thoughts and views. Sufi way of thinking has made the complete Pakistani Urdu Ghazal unique and nearer to the classic ghazal. Since 1947, the Pakistani Urdu Ghazal has given poetic form to the important experiences and rich dimensions of Sufism. It is the specialty of the Pakistani Urdu Ghazal that it has absorbed Sufism into itself.

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ادب جس معاشرے میں جنم لیتا ہے، اس کا بہترین آئینہ دار ہوتا ہے۔ ہر دور کا ادب اپنے دور کی اقدار اور روایات کا ترجمان ہوتا ہے اور اُس میں جنم لینے والے سیاسی، تہذیبی، سماجی، معاشی، فکری اور اقتصادی مسائل و معاملات کا عکاس ہوتا ہے۔ ادب کا سماج کے ساتھ یہ مضبوط رشتہ ہی اس کی بقا کی ضمانت ہوتا ہے۔ پاکستانی اُردو غزل سرزمین پاک پر لمحہ لمحہ رقم ہونے والی تاریخ کی عمدہ عکاس اور پاکستانی غزل گو شعرا کے مطالعے، مشاہدے اور تجربے کا نتیجہ ہے۔ صوفیانہ نظامِ فکر نے پاکستانی اُردو غزل پر بہت گہرے اثرات مرتب کئے ہیں۔ صوفیانہ افکار و نظریات فارسی غزل کے زیرِ اثر اُردو غزل میں در آئے تھے، پاکستانی اُردو غزل اسی سلسلے کی ایک مظبوط کڑی ہے۔ صفی حیدر دانش لکھتے ہیں:

> ''تصوف وجد شاعرانہ کی ایک آئینی شکل ہے اور شاعری ذوق صوفیانہ کی ایک والہانہ صورت کہی جا سکتی ہے۔ ہر صوفی، ذوق شعر سے اور ہر شاعر، تصوف سے فطری لگاؤ رکھتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تصوف و شاعری میں ان کے باہمی اشتراکیتِ وجدانیت کے سبب سے ایک ایسا بنیادی رابطہ قائم ہے جو کسی حالت میں منقطع نہیں کیا جا سکتا۔'' [۱]

پاکستانی شاعری کا تقریباً سارا دور سیاسی خلفشار اور نظریاتی تضاد کا دور ہے۔ اس صورت حالات نے کم و بیش ہر شاعر کو ایک خاص انداز سے متاثر کیا۔ اس دور میں تصوف کے سوتے پھوٹے اور پاکستانی اُردو غزل کو لفظی خوبیوں کے ساتھ ساتھ معنوی فکر بھی عطا کی اور دیگر موضوعات کے ساتھ ساتھ تصوف اور روحانیت کے مضامین کا بیان ایک انفرادی حیثیت اختیار کر گیا۔ پاکستانی اُردو غزل فلسفہ تصوف سے معمور ہو کر پاکستانی فرد کے روحانی احساسات کی نمائندہ بن گئی۔ مشرقی تہذیب کی تاریخ میں تصوف اور متصوفانہ تجربات کے پُراسرار سفر اور اردو غزل کے باطنی تجربے سے پاکستانی شعرا کا تخیل ایک مضبوط رشتے میں